© rasailojaraid.com



سید عطاءالمحسن بخاری رحمتہ اللہ علیہ

## منقبت

### امیر المومنین سیدنا علی رضی اللہ عنہ

علی ہے میری محبت کا مرکز و محور
علی کا میں ہوں شناسا ہے وہ مرا مفخر

علی غلامِ محمد ہے میں غلامِ علی
جو تو غلامِ محمد ہے میں ترا قنبر

علی ہے مہر و مروّت، علی ہے صدق و صفا
علی قضا میں ولی ہے وہ زہد کا پیکر

علی ولاء و غنا ہے، علی ہے جود و سخا
علی بہ پیشِ الہیٰ، اے مُشرکاں! افقر

علی ہے فقر کا وارث، علی کو فقر پہ ناز
علی کا فقر ہے دنیا میں بہتر و برتر

## منقبت

### شہزادہ اہل بیت، ہم شکل رسول صلی اللہ علیہ وسلم، ابنِ علی، خلیفہ راشد پنجم، امیر المومنین سیدنا حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ

مالک حلم و حیا، پیکر صدق و صفا
ہم شکلِ شاہِ دوسرا، سبطِ محمد مصطفیٰ

صاحب صلح و وفا، ازہر، نرالا رہنما
اشتر کا وہ جورو جفاء، خونِ حسن! وا حسرتا

وہ ماحیٔ شرو فتن، سوہنی خلافت واہ حسن
مانا امیر شام کو، حکمِ نبی پورا کیا

وہ دامنِ زہرا کا پھول، گلشنِ دیں کا اصول
ملتِ بیضا نہ بھول، منظرِ صلح و وفا

وہ عظیم ابن عظیم، فکر رسا قلب سلیم
ان پہ صلواتِ عمیم، منبعِ رشد و ہدیٰ

© rasailojaraid.com